افکار و تاثرات

قارئین بنام مدیر

محترم المقام جناب مدیر صاحب زید مجدکم

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ !

امید ہے کہ مزاج بعافیت ہونگے۔ آپکو علم ہے کہ چند سال پیشتر یونیورسٹی گرانٹس کمیشن نے وفاق المدارس کی سند "شہادۃ العالمیہ" کو ایم . اے عربی واسلامیات کے مساوی قرار دیا تھا اور ساتھ ہی یہ شرط عائد کردی تھی کہ سند تعلیمی اداروں میں ایف . اے کے جزوی امتحان کے بغیر قبول نہ ہوگی۔دینی مدارس اور اسلامی جامعات کے فضلاء کے ساتھ ایک کھلا مذاق تھا کہ ایک طرف توانکی سند کو ڈبل ایم . اے تسلیم کیا گیا اور دوسری طرف ایف . اے کے جزوی امتحان کی شرط عائد کرکے اسکی تذلیل کی گئی۔ افسوس صد افسوس کہ فضلاء باہمی ربط نہ ہونے کے باعث اس پر کوئی ردعمل ظاہر نہ کرسکے اور لاپرواہی کی لمبی چادر تان کر غفلت کی گہری نیند سوتے رہے۔ جب یونیورسٹی گرانٹس کمیشن کا مذکورہ بالا نوٹیفکیشن جاری ہوا تو پہلے تو فضلاء کو کالجز میں لیکچرار کے طور پر بھی قبول کیا گیا لیکن بعد ازاں ٹیچر شپ کیلئے بھی متعدد شرائط عائد کردی گئیں۔ فضلاء کرام اس پر بھی مہر بلب رہے اور کوئی ٹس سے مس نہ ہوا۔ اس طویل خاموشی کا نتیجہ یہ نکلا کہ وفاق کی سند کی حکومتی اداروں میں کوئی خاص اہمیت نہ رہی اور یہ بھی آپ کے علم میں ہوگا کہ حال ہی میں حکومت پنجاب نے عربی اساتذہ کی تقرری کے لئے ایف . اے کی سند لازمی قرار دی ہے اور ان آسامیوں پر تقرری کے وقت دینی مدارس وجامعات کے فضلاء کو یکسر نظر انداز کردیا گیا ہے۔اس ساری صورتحال سے ہم بخوبی اندازہ کرسکتے ہیں کہ مغرب زدہ طبقہ ہمارے ساتھ کیا سلوک روا رکھنا چاہتا ہے اور کس طرح ہمیں جاہل ثابت کرکے معاشرے میں رسوا کرنے کیلئے پر تول رہا ہے اور ہم ہیں کہ اپنے حقوق کے حصول اور تحفظ سے دلچسپی ہی نہیں کہ

ع کارواں کے دل سے احساس زیاں جاتا رہا۔

محترم مدیر صاحب ! عصر حاضر شعور اور بیداری کا دور ہے۔ ہر طبقہ کے لوگ منظم ومربوط ہوکر اپنے حقوق کے تحفظ کیلئے مرمٹنے کو تیار ہیں لیکن دینی مدارس وجامعات کے فضلاء اپنے حقوق سے یکسر غافل ہیں۔ فضلاء کے حقوق کے تحفظ اور انکی شیرازہ بندی کیلئے اکابر کے مشورہ سے رابطہ فضلاء اسلامی پاکستان کے نام سے ایک فورم مہیا کیا گیا ہے کہ تاکہ فضلاء منظم ومربوط ہوکر اپنے حقوق کے حصول اور تحفظ کیلئے جدوجہد کا آغاز کرسکیں اور عریضہ لکھنے کا مقصد یہی دعوت دینا ہے

والسلام ! آپکی صائب آراء کا منتظر : محمد ادریس ڈیروی صدر رابطہ فضلاء اسلامی پاکستان